# ”وہ شرط پوری کی جانے کی سب سے زیادہ مستحق ہے، جس کے ذریعے تم نے عورتوں کی شرم گاہوں کو حلال کیا “ہ

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: ”وہ شرط پوری کی جانے کی سب سے زیادہ مستحق ہے، جس کے ذریعے تم نے عورتوں کی شرم گاہوں کو حلال کیا “ہ

[صحیح] [متفق علیہ]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ پورا کیے جانے کی سب سے زیادہ حق دار شرط وہ شرط ہے، جو عورت کی شرم گاہ کو حلال کرنے کا سبب ہو اس سے مراد وہ جائز شرطیں ہیں، جو نکاح کے وقت بیوی رکھتی ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6021